**30.03.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

1 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سابق وزراء اعظم پی وی نرسمہا راؤ اور چودھری چرن سنگھ کو بعد از مرگ بھارت رتن سے نوازا۔ زرعی سائنسداں ایم ایس سوامی ناتھن اور بہار کے سابق وزیر اعلیٰ کرپوری ٹھاکر کو بھی ملک کے اعلیٰ ترین سویلین اعزاز سے نوازا گیا گیا۔

2 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے اور سکّم اور اروناچل پردیش میں اسمبلی انتخابات کیلئے نام واپس لئے جانے کا آج آخری دن ہے۔

3 بھارت کا بیرونی زرِ مبادلہ کا ذخیرہ 642 ارب ڈالر سے زیادہ ہوگیا ہے، جو اب تک کی سب سے اونچی سطح پر ہے۔

4 بھارت کے محکمۂ موسمیات نے شمال مشرقی بھارت میں آج سے شدید بارش اور ژالہ باری کی پیشگوئی کی ہے۔

5 IPL اور کرکٹ میں:

آج شام لکھنؤ کے Ekana اسٹیڈیم میں، لکھنؤ سُپر جائنس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

### Prez Bharat Ratna

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں سابق وزراء اعظم پی وی نرسمہا راؤ اور چودھری چرن سنگھ، زرعی سائنسداں ایم ایس سوامی ناتھن اور بہار کے سابق وزیر اعلیٰ کرپوری ٹھاکر کو بعد از مرگ ملک کے اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ، بھارت رتن سے سرفراز کیا۔ صدر جمہوریہ، سابق نائب وزیر اعظم اور BJP کے آزمودہ

کار رہنما ایل کے اڈوانی کو، کل نئی دلّی میں اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ پیش کریں گی۔ تقریب کے دوران ایوارڈ پانے والی شخصیتوں کے رشتے داروں نے ایوارڈ وصول کیا۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار اور دیگر شخصیات، تقریب میں موجود تھیں۔ x

## Name Withdrawal First Phase

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے اور سکّم اور اروناچل پردیش میں اسمبلی انتخابات کیلئے نام واپس لینے کی آج آخری تاریخ ہے۔ کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال جمعرات کو کی گئی تھی۔ جبکہ اِس مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کام بدھ کو ختم ہوگیا تھا۔

بہار میں 4 پارلیمانی حلقوں گیا، اورنگ آباد، نوادہ اور جموئی کیلئے پارلیمانی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کام جمعرات کو ختم ہوگیا۔ کاغذات کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔ نام واپس لینے کی آخری تاریخ 2 اپریل ہے۔

پہلے مرحلے کے تحت بہار اور مرکز کے زیرِ انتظام 4 علاقوں سمیت 17 ریاستوں میں 102 لوک سبھا سیٹوں کیلئے 19 اپریل کو چناؤ کرائے جائیں گے اور اس کے ساتھ ساتھ سکّم میں 32 اسمبلی حلقوں نیز اروناچل پردیش کی 60 رکنی اسمبلی کیلئے بھی چناؤ کرائے جائیں گے۔

جن ریاستوں میں لوک سبھا کے پہلے مرحلے کے تحت انتخابات کرائے جائیں گے، وہ ہیں: تمل ناڈو، اروناچل پردیش، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ، سکم، لکشدیپ، انڈمان و نکوبار جزائر اور پدوچیری۔

بھارت کے انتخابی کمیشن نے ہولی کے تہوار اور بہار کے یومِ تاسیس کی وجہ سے بہار میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کردی تھی۔x

## Forex Rserves

بھارت کے بیرونی زر مبادلہ کے ذخیرے میں 22 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران 140 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا اور یہ اب تک کی سب سے اونچی سطح 642 اعشاریہ چھ-تین-ایک ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ بھارت کے ریزرو بینک کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار میں کہا گیا ہے کہ یہ لگاتار پانچواں ہفتہ ہے جب ذخیرے میں اضافہ ہوا ہے۔ مذکورہ ہفتے کے دوران سونے کے ذخیرے میں 347 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا اور یہ 51 اعشاریہ چار- آٹھ- سات ارب ڈالر ہوگیا۔ غیرملکی کرنسی اثاثے میں 123 ملین ڈالر کی کمی ہوئی اور یہ 568 اعشاریہ دو- چھ- چار

ارب تک چلا گیا۔ x

## President PM Rajasthan

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج راجستھان کے یومِ تاسیس پر لوگوں کو مبارکباد دی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ راجستھان اپنی شاندار روایات، میزبانی اور رنگا رنگ ثقافت کیلئے مشہور ہے۔ صدر جمہوریہ نے اِس خواہش کا اظہار کیا کہ راجستھان کے لوگ اپنی منفرد شناخت کو برقرار رکھتے ہوئے ملک کی ترقی کیلئے اپنی گرانقدر خدمات جاری رکھیں گے۔

اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ توانائی اور جوش و خروش سے پُر راجستھان کے لوگ، ریاست کو ترقی کی نئی بلندیوں تک لے جا رہے ہیں۔ انھوں نے اِس یقین کا اظہار کیا کہ ایک ترقی یافتہ اور خود کفیل بھارت کی تعمیر میں راجستھان کا کردار بہت اہم ہوگا۔ x

## PM Shyamji

وزیر اعظم نریندر مودی نے انقلابی مجاہد آزادی شیام جی کرشنا ورما کو آج اُن کی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کی آزادی کی تحریک کے اِس سرکردہ مجاہد کے عزم کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ شیام جی کے انڈیا ہاؤس نے بیرونی ملکوں میں جد و جہد آزادی کو فروغ دیا۔ ملک کی آزادی کیلئے اُن کی خدمات کی ستائش کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اُن آدرشوں کو برقرار رکھنے کا عہد کیا، جن کیلئے انھوں نے لڑائی لڑی۔ 1857 میں گجرات میں پیدا ہونے والے ورما نے لندن میں انڈین ہوم رولز سوسائٹی، انڈیا ہاؤس اور انڈین سوشولوجسٹ کی بنیاد ڈالی تاکہ قوم پرستی اور آزادی کے کاز کو فروغ دیا جاسکے۔

گجرات کے وزیر اعلیٰ کے طور پر جناب مودی نے 2003 میں ورما کی استھیوں کو سوئٹزر لینڈ سے واپس لایا تھا جہاں 1930 میں اُن کا انتقال ہوا تھا۔ x

## J&K JKAAC

جموں وکشمیر میں کل ابھینو تھیئٹر جموں میں علاقائی ادب اور ثقافت سے متعلق تین روزہ Tawi ساہتیہ لوک اتسو کا آغاز ہوا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ اس تقریب کا اہتمام ادب، ثقافت اور زبانوں کی جموں کشمیر اکیڈمی JKAACL نے جموں کے اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس۔ آئی جی ایم سی اے، کے تعاون سے کیا ہے۔ اس فیسٹول کا مقصد بات چیت کے سیشنز ثقافتی کارکردگیوں اور تخلیقی مقابلوں کے ذریعہ جموں کشمیر کے ثقافتی تنوع

اور ادبی وراثت کا تعارف کرانا ہے۔

فیسٹول کے پہلے دن مصنفین کی بات چیت، دلچسپ مشاعرے، مختصرافسانوں کے سیشنز، کتابوں کے اجراء اور مختلف مقابلوں اور نمائشوں کا سلسلہ رہا۔ اس دوران ہندی، گوجری اور ڈوگری کے مشاعرے بھی ہوئے۔ ××

## Assam CM

آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے اعلان کیا ہے کہ ان کی حکومت لوک سبھا انتخابات کے بعد یکساں سول کوڈ نافذکرے گی۔ کل گواہاٹی میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے سرکردہ بی جے پی لیڈر نے یہ بھی کہا کہ ریاست میں ایک سے زیادہ بیویاں رکھنے پر پابندی لگانے کے لئے بھی ضروری اقدامات کئے جارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آئندہ لوک سبھا انتخابات میں NDA ریاست میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔××

## Kerala Viakom Satyagraha

آج تاریخی Viakeom Satyagraha کو 100 سال مکمل ہوگئے ہیں، جو کیرالہ کی تاریخ میں چھوت چھات کے خلاف لڑائی میں ایک بڑا سنگ میل ثابت ہوا تھا۔ اس ستیہ گرہ نے نہ صرف ذات پات پر مبنی ظلم و زیادتی بلکہ سماجی روایات کو بھی چیلنج کیا۔ ویکوم ستیہ گرہ، عدم تشدد کی تحریک تھی۔ یہ تحریک کیرالہ میں پسماندہ طبقے کو، کوٹاہم ضلع کے ویکوم مہا دیو مندر کے نزدیک ایک عوامی سڑک سے گزرنے یا سفر کرنے حق کیلئے 603 دن تک چلی تھی۔ ستیہ گرہ 30 مارچ 1924 کو شروع ہوا تھا اور 23 نومبر 1925 کو ختم ہوا تھا۔

سری نارائن گرو، Mana thu Padmana bhan، ای وی راما سامی Naicker، ٹی کے مادھون، کے کیلاپّن، کے پی کیسوا مینن وغیرہ جیسے رہنماؤں نے اس تحریک کی حمایت کی تھی۔ x

## IMD For Cast

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج شمال مشرقی بھارت میں گرج اور چمک کے ساتھ شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے نے مغربی ہمالیائی خطے میں شدید بارش کے امکانات کے ساتھ کل تک شمالی مغربی بھارت میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔IMD نے کہا ہے کہ اروناچل پردیش ، آسام اور میگھالیہ میں شدید بارش اور برفباری کا بھی امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اُڈیشہ، مغربی بنگال کے گنگا کے کنارے کے علاقے جھارکھنڈ اور بہار میں ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ جموں، کشمیر، لداخ ، گلگت، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آج شدید بارش اور برفباری کا بھی امکان

ہے۔××

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں آج لکھنؤ میں شام ساڑھے سات بجے لکھنؤ سپر جائنٹس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔
کل رات کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے بینگلورو میں رایل چیلنجرس بینگلور پر سات وکٹ سے جیت حاصل کی۔
پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بینگلورو نے مقررہ بیس اوورس میں چھ وکٹ کے نقصان پر 182 رن بنائے۔
اِس میں وراٹ کوہلی کے 59 گیندوں میں 83 رن شامل ہیں۔
اِس کے جواب میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے جیت کا یہ نشانہ محض 16 اوورس اور پانچ گیندوں میں تین وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ وینکٹیش ایّر نے 30 گیندوں میں 50 رن بنائے۔
اِس کے ساتھ ہی کولکاتہ نائٹ رائڈرس اِس سیزن میں کھیلے گئے سبھی دو میچوں میں اب تک فاتح رہی ہے، جبکہ رایل چیلنجرس بینگلورو نے اس سیزن میں اب تک کھیلے گئے تین میچوں میں محض ایک میں جیت حاصل کی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆